آر۔ بی فلمز کا پیش کردہ

امر رہے یہ پیار

اداکاران

راجندر کمار۔ نندا
نلنی جیونت۔ ننواٹی
رادھاکرشن

قیمت ۱ر

زین اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانا نمبر ۱ گانے امر ہے یہ پیار

آج کے اس انسان کو یہ کیا ہو گیا
اس کا پرانا پیار کہاں پر کھو گیا
کیسی یہ منحوس گھڑی ہے
بھائیوں میں جنگ چھڑی ہے
کہیں یہ خون کہیں یہ جوالا
جانے کیا ہے ہونے والا
سب کا ماتھا آج جھکا ہے
آزادی کا جلوس رکا ہے
چاروں اور دغا ہی دغا ہے
ہر چہرے پر خون لگا ہے
آج دکھی ہے جنتا ساری
روتے ہیں لاکھوں نر ناری
روتے ہیں آنگن گلیارے
روتے آج محلے سارے
روتی سلمیٰ روتی ہے سیتا
روتے ہیں قرآن اور گیتا
آج ہمالہ چلاتا ہے
کہاں پرانا وہ ناطہ ہے
ڈس لیا سارا دیش کو زہری ناگوں نے
گھر کو لگا دی آگ گھر کے چراغوں نے

اپنا دیش وہ دیش تھا بھائی - لاکھوں بار مصیبت آئی
انسانوں نے جان گنوائی - پر بہنوں کی لاج بچائی
لیکن اب وہ بات کہاں ہے - اب تو کیول گھات یہاں ہے
چل رہی ہیں اُلٹی ہوائیں - کانپ رہی ہیں بھر بھر ابلائیں
آج ہر اک آنچل کو ہے خطرہ - آج ہر اک گھونگٹ کو ہے خطرہ
خطرے میں ہے لاج بہن کی
خطرے میں چوڑیاں دلہن کی
ڈرتی ہے ہر پاؤں کی پائل - آج کہیں ہو جائے نہ گھائل
آج سلامت کوئی نہ گھر ہے - سب کو لٹ جانے کا ڈر ہے
ہم نے اپنے وطن کو دیکھا - آدمی کے تن کو دیکھا
آج تو بستیوں پر بھی حملہ ہوتا ہے
دیکھ کسی کونے میں مذہب روتا ہے

گانا نمبر ۲

کس کے سر الزام دھریں ہم - آج کہاں فریاد کریں ہم
کرتے ہیں جو آج لڑائی - سب کے سب ہیں اپنے ہی بھائی
سب کے سب ہیں یہاں اپرادھی - ہائے محبت سب نے بھلا دی
آج یہی جو خون کی دھارا - دوشی اس کا سماج ہے سارا
سنو ذرا او سننے والو - آسمان پر نظر گھما لو
دیکھ گگن میں کروڑوں تارے - رہتے ہیں مل جل کے سارے
نہ وہ آپس میں لڑتے - کبھی نہ دیکھا ان کو جھگڑتے
کبھی نہیں وہ چھرے چلاتے - نہیں کسی کا خون بہاتے
لیکن اس انسان کو دیکھو - دھرتی کی سنتان کو دیکھو
کتنا ہے یہ ہائے کمینہ - اس نے لاکھوں کا سکھ چھینا
کی ہے اس نے جو آج تباہی

دیں گے اُس کی یہ مکھڑے گواہی
آپس کی دُشمنی کا یہ انجام ہوا
دُنیا ہنسنے لگی دیش بدنام ہوا

کیسا یہ خطرے کا پہر ہے ۔ آج ہواؤں میں بھی زہر ہے
کہیں بھی دیکھو بات یہی ہے ۔ ہائے بھیانک رات یہی ہے
موت کے سائے ہیں ہر گھر پے ۔ کب کیا ہوگا کیسے خبر ہے
بند ہے گھر کی بند ہے دوارے ۔ بیٹھے ہیں سب ڈر کے مارے
کیا ہوگا ان بے چاروں کا ۔ کیا ہوگا ان لاچاروں کا
ان کا سب کچھ کھو سکتا ہے ۔ ان پر حملہ ہو سکتا ہے
کوئی رکشک نظر نہ آتا ۔ سو یا ہے آکاش یہ داتا
یہ کیا حال ہوا اپنے سنسار کا
نکل رہا ہے آج جنازہ پیار کا

گانا نمبر ۳

لاکھوں لوگ چلے ہیں بکتے ۔ لاکھوں لوگ چلے ہیں سسکتے
کہاں ہو دُنیا کے رکھوالو ۔ ایک نظر ان پر بھی ڈالو
دیکھو یہ دُکھیوں کی قطاریں ۔ چھین گئی ہیں ان کی بہاریں
یہ سارے انسان لٹے ہیں ۔ ان کے ارمان لٹے ہیں
ان کے سپنے ٹوٹ گئے ہیں ۔ ساتھی پیچھے چھوٹ گئے ہیں
ایسے حال ہوئے ہیں انکے ۔ جیسے ہوں طوفان کے تنکے
یہ سیاست کتنی گندی ۔ نفرتی ہے کتنی فرقہ بندی
آج یہ سب کے سب نر ناری ۔ ہو گئے رستے کے بھکاری
لٹے ہیں لاکھوں سہاگ گھر کے ۔ بجھے ہیں لاکھوں چراغ گھروں کے
پوچھو آج کہیں گے یہ مکھڑے ۔ کتنی چوڑیوں کے ہو گئے ٹکڑے
دیکھو ہم نے گھر کو کس طرح بانٹا ہے

ایک ہاتھ نے ہاتھ دوسرا کاٹا ہے

گانا نمبر ۲

دیکھو یہ گھائل تقدیریں۔ غم کی یہ زندہ تصویریں
کوئی نہ ان کو سہاگن کرتا۔ کرتا ہو تو ابھاگن کرتا
کہیں یہ انکے پیارے چھن گئے۔ کہیں یہ انکے دلارے چھن گئے
انکا دل کچھ ایسا ہے ٹوٹا۔ انکو لگتا ہے جگ جھوٹا
انکو ہوئی ہے جہاں سے نفرت۔ ان کو ہوئی انسان سے نفرت
ابھی یہ دکھیاری بہنیں۔ کون سی دنیا میں جائیں رہنے
ان کو دھوکہ دینے والو۔ ان سے بدلہ لینے والو
کہو انہوں نے کیا تھا بگاڑا۔ ان کا گھر کیوں تم نے اجاڑا
چھین لئے کیوں انکے کھلونے۔ کون سا پاپ کیا تھا انہوں نے
سبھی طرح سے لٹی ہیں یہ برباد ہیں
پھر بھی ان کو اپنے آنگن یاد ہیں

گھوم رہے ہیں مارے مارے۔ بچھڑیں یہ بچے بیچارے
کتنے ہیں نردوش یہ بالک۔ کتنے ہیں خاموش یہ بالک
کوئی ان کو دے سہارا۔ ہائے انہیں بھی دھرم نے مارا
جیون انکا اناتھ ہوا ہے۔ دھوکہ ان کے ساتھ ہوا ہے
آپس کے جھگڑے نے توڑے۔ کیوں اپنے ماں باپ یہ چھوڑے
کوئی ان کو آج بچالو۔ کوئی ان بھولوں کو اٹھالو
انہیں کہیں کھا جائے نہ آندھی
ان میں شاید ہو کوئی گاندھی

لاکھوں پرانی خدا ہوئے لاچار ہے
ارے یہ کیسا دھرم کہ جو دیوار ہے

گانا نمبر ۵

میرے اندھیرے گھر میں چاند اک آیا
میری اماوس نے اچانک پیار پونم کا پایا ۔ میرے ـــ
اس کے سنگ ہے شاید میرا کوئی پرانا ناطہ
ورنہ یہ انجان کھلونا کیسے اس گھر آتا
دنیا کے داتا نے دیکھو پھر سے ہمکو ملایا ۔ میرے ـــ
ہر مشکل آسان بنا دی اس نے میرے گھر آ کے
ہونٹوں پر مسکان کھلا دی اس نے مجھے اپنا کے
سب دکھ بھول گئی میں اپنے جب سے اسکو پایا ۔ میرے
جی کرتا ہے اسکو اپنی ساری عمر دے ڈالوں
اک جنم میں سو جنموں کا پیار اسی سے پالوں
میرے دل کا ہے یہ ٹکڑا کوئی نہ کہنا پرایا ۔ میرے ـــ

گانا نمبر ٦

مجھ سے بچھڑ کے دل نہ دکھانا ۔ بیٹا مجھکو بھول جانا
میں تیری کوئی نہیں رے ۔ تیری کوئی نہیں
جب تو اپنے دیس کو جانا ۔ مجھکو مت آواز لگانا
میں نہیں کوئی ـــ
جس کا کھویا ہوا ہے دھن تو آج اسی کا ہو
میں تو کانٹوں میں رہ لونگی ، تو پھولوں پر سو
اپنی ماں پر پیار لٹانا ۔ میرا نام نہ منہ پہ لانا
میں تیری کوئی
تیرا سکھ میرے سکھ سے بڑا ہے ـــــ اپنے گھر جا
تیری بھلائی کے آگے ، میرے پیار کی قیمت کیا
میرا تجھ سے پیار بڑھانا ۔ تھا اک جھوٹ رہنے کا بہانہ

میں تیری کولی

جہاں کہیں بھی رہے تو منّا ، ہر دم خوش رہنا
سب کچھ کہنا لیکن مجھ کو پھر مت کہنا
جس دن پوچھے تجھ سے زمانہ ، تو بس اتنی بات بتانا
میں تیری کولی

(آزاد پریس دہلی)

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	3/-/-
عملیات تسخیر محبوب	1/8/-
عملیات قلوب	٢/-/-
عملیات تیغی بُرّان	٢/-/-
کامروپ کا جادو	-/12/-
ریتما جادوگری	-/6/-
جادو مسمریزم	٢/-/-
کالا جادو	6/-/-
نقش رومانی	-/12/-
اندرجال	1/8/-
استاد جادوگران	3/8/-
مکمل جادوگری	٢/8/-
چین بنگال کا جادو	-/12/-
آنند تنتر	3/-/-
کوک تنتر	4/-/-
نقش سلیمانی	1/-/-
تعویز سلیمانی	1/-/-
کنز العجین	٢/-/-

شعر و شاعری اور دیوان بہترین شعراء کے کلام

دیوان غالب	1/-/-
دیوان ظفر	1/-/-
دیوان داغ	1/-/-
دیوان ذوق	1/-/-
تیر عشق	-/٢/-
فریب عشق	-/٣/-
بانگ درا اقبال	٢/-/-
ضرب کلیم	٢/-/-
مسدس حالی	1/-/-
کلیات اقبال	٥/-/-
شعلۂ طور دیوان جگر	٥/-/-
زہر عشق	-/٤/-
بال جبریل	٢/-/-
پرچھائیاں	١/٤/-
تلخیاں	٣/٨/-
آتش گل	٢/-/-

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی